**28.03.2025**

**2115 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

Music

.....................................................................

☆ مرکز نے ملک میں الیکٹرانکس سامان کی مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا دینے کی خاطر الیکٹرانکس آلات تیار کرنے کی اسکیم کو منظوری دے دی ہے۔

☆ سرکار نے Phosphatic اور Potassic کیمیاوی کھاد پر خریف 2025 کیلئے تغذیے پر مبنی سبسڈی شرحوں کو منظور کرلیا ہے۔ مرکزی سرکار کے ملازمین اور پنشن یافتہ افراد کیلئے دو فیصد مہنگائی بھتے کو بھی منظوری دی گئی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ''بھارت پہلے'' ملک کی خارجہ پالیسی کا منتر بن گیا ہے۔

☆ دفاع کی وزارت نے 156 ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر ''پرچنڈ'' کی سپلائی کیلئے ہندوستان Aeronautics لمیٹیڈ کے ساتھ دو معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔

☆ میانما میں شدید زلزلہ آنے سے کم از کم 144 افراد مارے گئے ہیں اور 700 سے زیادہ زخمی ہوئے ہیں۔ تھائی لینڈ میں بھی زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کئے گئے۔

☆ اور اردن میں، سینئر ایشیائی کُشتی چیمپئن شپ میں، بھارت کی مَنیشا بھان والا ، خواتین کے 62 کلوگرام کے زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

.....................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**Cabinet Briefing**

سرکار نے الیکٹرانکس آلات تیار کرنے سے متعلق اسکیم کو منظوری دے دی ہے، تاکہ ملک میں الیکٹرانک سامان کی مینوفیکچرنگ کو بڑھاوا مل سکے اور الیکٹرانکس سپلائی نظام کو مستحکم بنایا جاسکے۔ آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ پچھلے دس سال میں الیکٹرانکس شعبے میں کافی ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اِن برسوں میں الیکٹرانکس سامان کی تیاری میں پانچ گنا اضافہ ہوا ہے، جبکہ الیکٹرانکس سامان کی برآمدات میں مجموعی طور پر 20 فیصد کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

SB-2100- Ashwini Vaishnav- Electronics

وزیر موصوف نے بتایا کہ الیکٹرانکس کل پُرزے اور آلات تیار کرنے کی اسکیم کیلئے 22 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا سرمایہ فراہم کیا جائے گا۔

جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ اِس سے روزگار کے 91 ہزار سے زیادہ براہ راست مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ کئی بالواسطہ ملازمتیں بھی دستیاب ہوسکیں گی۔

الیکٹرانک سامان کی اندرونِ ملک پیداوار مالی سال 2023-24 میں بڑھ کر 9 لاکھ 52 ہزار کروڑ تک پہنچ گئی، جبکہ 2014-15 میں یہ ایک لاکھ 90 ہزار کروڑ تھی۔ جناب ویشنو نے یہ بھی کہا کہ کابینہ نے پردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کے تحت آبپاشی کے فائدوں میں تیزی لانے کے پروگرام کے تحت بہار کے Kosi Mechi رابطہ پروجیکٹ کو شامل کئے جانے کی منظوری دی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مذکورہ پروجیکٹ سے بہار کے اَرریا ، پورنیا ، کشن گنج اور کٹیہار ضلعے میں خریف سیزن میں دو لاکھ 10 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ اضافی سالانہ آبپاشی ہوسکے گی۔

سرکار نے مارچ 2029 تک پروجیکٹ کو مکمل کرنے کی خاطر بہار کیلئے تین ہزار 652 کروڑ روپے کی مرکزی امداد کو بھی منظوری دی ہے۔ اِس پر چھ ہزار 282 کروڑ روپے کی لاگت آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

جناب ویشنو نے بتایا کہ سرکار نے Phosphatic اور Potassic کیمیاوی کھاد پر خریف 2025 کیلئے تغذیے پر مبنی سبسڈی شرحوں کو بھی منظوری دی ہے تاکہ کسانوں کیلئے کم قیمت اور رعایتی شرحوں پر کیمیاوی کھاد کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

SB - 2100 - Ashwini Vaishnav on Farmer

جناب اشونی ویشنو نے یہ بھی بتایا کہ سرکار نے بہار میں چار لین والے گرین فیلڈ اور براؤنڈ فیلڈ پٹنہ - آرا - ساسارام کوریڈور کی تعمیر کو بھی منظوری دی ہے، جو 120 اعشاریہ ایک صفر کلومیٹر طویل ہوگا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مذکورہ پروجیکٹ تین ہزار 712 کروڑ روپے کی لاگت سے Hybrid Annuity Mode پر تیار کیا جائے گا۔

جناب ویشنو نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے روزگار کیلئے کام کرنے کے 48 لاکھ دن دستیاب ہوں گے اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کو بڑھاوا ملے گا۔ جناب اشونی ویشنو نے بتایا کہ حکومت نے مرکزی سرکار کے ملازمین اور پنشن یافتہ افراد کیلئے مہنگائی بھتے میں دو فیصد اضافے کی منظوری دی ہے۔

SB - 2100 - Ashwini Vaishnav on DA

**LS - Jaishankar**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت ، پاکستان میں اقلیتوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے برتاؤ پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور بین الاقوامی سطح پر یہ معاملہ اٹھاتا رہا ہے۔ لوک سبھا میں ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اقوامِ متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں بھارتی نمائندے نے حال ہی میں یہ بات اجاگر کی تھی کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے ، جہاں انسانی حقوق کی پامالی کی جاتی ہے، اقلیتوں پر زیادتیاں کی جاتی ہیں اور جمہوری اقدار کو منظّم طریقے سے کمزور کرنا سرکار کی پالیسی کا حصہ ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت ، بنگلہ دیش میں بھی اقلیتوں کی خیر و عافیت پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ x

**PM - TV9 Early**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ’’ بھارت پہلے‘‘ ملک کی خارجہ پالیسی کا منتر بن گیا ہے اور اب بھارت عالمی نظام میں محض ایک شریک ملک نہیں بلکہ مستقبل کو طے کرنے اور اِسے محفوظ رکھنے میں بھی اہم رول ادا کررہا ہے۔ جناب مودی آج نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ ٹی وی چینل کے زیرِ اہتمام ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے کے دور میں بھارت کی خارجہ پالیسی ہر ایک سے دوری رکھنے کی تھی لیکن اب ہر ایک کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے اجارہ داری پر انسانیت کو ترجیح دی ہے اور 21 ویں صدی کا عالمی ادارہ بنانے کی راہ ہموار کی ہے تاکہ مساویانہ شرکت کو یقینی بنایا جاسکے۔

بین الاقوامی مالی فنڈ کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے ، جناب مودی نے کہا کہ دنیا کی نگاہیں بھارت پر ہیں کیونکہ بھارت ، دنیا میں ایسی واحد بڑی معیشت ہے، جس کی GDP صرف 10 سال میں دوگنا ہوگئی ہے اور 25 کروڑ افراد غربت سے باہر آگئے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت کے نوجوان ہنرمند بن رہے ہیں اور اختراع کو آگے لے جارہے ہیں۔ x

**MEA - PM Thailand Sri Lanka Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی BIMSTEC کی چھٹی سربراہ میٹنگ میں شرکت کیلئے تین اپریل کو تھائی لینڈ کے دو دن کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزارتِ خارجہ میں مشرقی ملکوں کے امور کے سکریٹری جے دیپ مجمدار نے آج نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعظم کا تھائی لینڈ کا یہ تیسرا دورہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تجارت قریب قریب پندرہ ارب ڈالر کی ہورہی ہے۔ تھائی لینڈ کیلئے بھارت کی برآمدات کی مالیت تقریباً پانچ ارب ڈالر ہے، جبکہ تھائی لینڈ سے ہونے والی درآمدات کی مالیت لگ بھگ 10 ارب ڈالر ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اپنے اِس دورے میں تھائی لینڈ کی اپنی ہم منصب Paetongtarn Shinawatra کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے بتایا کہ BIMSTEC کی سربراہ کانفرنس کے بعد جناب مودی اگلے مہینے کی چار تاریخ سے چھ تاریخ تک سری لنکا کے دورے پر رہیں گے۔ جناب مودی، سری لنکا کے صدر Anura Kumara Disanayake کی دعوت پر وہاں کے سرکاری دورے پر جائیں گے۔

اِس سے قبل سری لنکا کے صدر اپنا عہدہ سنبھالنے کے بعد اپنے پہلے دورے پر بھارت آئے تھے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا سری لنکا کا یہ چوتھا دورہ ہوگا۔ اِس سے پہلے وہ 2019 میں سری لنکا گئے تھے۔ جناب مودی اپنے دورے میں سری لنکا کے صدر کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں گے۔ دونوں رہنما کئی پروجیکٹوں کو وقف کریں گے، جو سری لنکا میں بھارت کی امداد سے بنائے جارہے ہیں۔ x

**SC - Yashwant**

مرکزی سرکار نے جسٹس یشونت ورما کو دلّی ہائی کورٹ سے واپس الہٰ آباد ہائی کورٹ بھیجنے کا نوٹفکیشن جاری کردیا ہے۔ 24 مارچ کو سپریم کورٹ کے Collegium کی سفارشات کی روشنی میں ایسا کیا گیا ہے۔

سپریم کورٹ نے الہٰ آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو ہدایت دی ہے کہ وہ جسٹس ورما کو کوئی کام نہ سونپے۔ جسٹس ورما کو اپنی سرکاری رہائش گاہ پر ناجائز نقد رقم ملنے کے الزامات پر محکمہ جاتی انکوائری کا سامنا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس نے اِس کیلئے تین ججوں پر مشتمل ایک پینل تشکیل دیا ہے۔

یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ الہٰ آباد ہائی کورٹ کی بار ایسوسی ایشن کے احتجاج کے باوجود ، اُن کے تبادلے کا حکم سامنے آیا ہے۔

اِس سے پہلے سپریم کورٹ نے ، وہ درخواست خارج کردی ، جس میں دلّی ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس یشونت ورما کی سرکاری رہائش گاہ پر مبینہ طور پر ناجائز نقد رقم ملنے کے معاملے پر اُن کے خلاف FIR درج کئے جانے کی اپیل کی گئی تھی۔ x

## Defence - Helicopter

دفاع کی وزارت نے 156 ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر '' پرچنڈ '' اور تربیتی اور دیگر متعلقہ ساز و سامان کی سپلائی کیلئے ہندوستان Aeronautics لمیٹیڈ کے ساتھ دو کنٹریکٹ پر دستخط کئے ہیں، جن کی مالیت 62 ہزار 700 کروڑ روپے ہے۔ پہلا کنٹریکٹ 66 ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر ، بھارتی فضائیہ کو سپلائی کرنے کیلئے ہے، جبکہ دوسرا 90 ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر ، بھارتی فوج کو فراہم کرنے کیلئے ہے۔ وزارت کے مطابق اِس سے بلند مقامات پر مسلح افواج کی کارروائی کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ یہ ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر، ملک میں ہی تیار کئے گئے اور ڈیزائن کئے گئے لڑاکا ہیلی کاپٹر ہیں اور یہ پانچ ہزار میٹر سے زیادہ بلندی پر کارروائی میں شامل ہونے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ x

## RBI - ATM Charges

ریزرو بینک نے بینکوں کو پہلی مئی سے ATM سے نقد رقم نکالنے پر چارجز میں دو روپے کا اضافہ کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس طرح ہر مہینے مفت استعمال کی حد سے زیادہ ہونے پر 23 روپے کی فیس لی جائے گی۔

صارفین کو اپنے بینک کے ATM سے ہر مہینے پانچ مرتبہ بغیر کسی چارج کے رقم نکالنے اجازت ہے، جبکہ میٹرو مراکز میں دیگر بینکوں کے ATM سے وہ تین مرتبہ بغیر کسی چارج کے رقم نکال سکتے ہیں۔ غیر میٹرو مراکز میں یہ حد پانچ ہے۔ ریزرو بینک نے ایک سرکولر میں کہا ہے کہ اِس سال پہلی مئی سے اِس کا اطلاق ہوگا۔

سردست بینکوں کو مفت لین دین کی حد ختم ہونے کے بعد صارفین سے ایک لین دین پر 21 روپے چارج کرنے کی اجازت ہے۔ x

## Forex Reserves

بھارت کے غیرملکی زرِمبادلہ کے ذخائر میں اِس مہینے کی 21 تاریخ کو ختم ہونے والے ہفتے میں ساڑھے چار ارب ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ 658 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے جاری کئے گئے ہفتے وار اعداد و شمار کے مطابق گذشتہ ہفتے کے دوران سونے کے ذخائر میں دو ارب 80 کروڑ ڈالر کا اضافہ ہوا اور یہ 77 ارب 27 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے۔ x

## Fiscal Deficit

بھارت کا تجارتی خسارہ، اپریل سے فروری کے دوران 13 لاکھ 47 ہزار کروڑ روپے رہا۔ وزارت خزانہ کی

جانب سے آج جاری اعداد و شمار کے مطابق یہ پورے سال کے ہدف، 15 لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے کا 85 اعشاریہ 8 فیصد ہے۔ وصولیابیوں کا مجموعی حجم، 25 لاکھ 46 ہزار کروڑ روپے رہا، جبکہ اپریل سے فروری کے درمیان مجموعی اخراجات 38 لاکھ 93 ہزار کروڑ روپے رہے۔ یہ اعداد و شمار رواں اقتصادی سال کے بجٹ ہدف کے 80 اعشاریہ 9 فیصد اور 82 اعشاریہ 5 فیصد رہے۔ ٹیکس محصول قریب 20 لاکھ 16 ہزار کروڑ روپے رہا ہے، جبکہ غیر ٹیکس محصول 4 لاکھ 93 ہزار کروڑ روپے رہا۔ x

## Earthquake

میانما اور تھائی لینڈ میں آج سہ پہر سات اعشاریہ سات شدت کا زلزلہ آیا۔ بینکاک میں کم از کم تین افراد مارے گئے اور ایک زیرِ تعمیر بلند عمارت ڈھہ گئی۔ زلزلے کا مرکز میانما میں Mandalay کے مقام پر بتایا گیا ہے۔ اس کے بعد چھ اعشاریہ چار شدت کے زلزلے کے جھٹکے بھی محسوس کئے گئے۔ میانما کی فوجی سرکار نے چھ خطوں میں ایمرجنسی کا اعلان کردیا ہے۔ اُدھر بینکاک میں زلزلے کے بعد 90 افراد لاپتہ بتائے گئے ہیں۔ بینکاک میں زلزلے کے بعد بڑے پیمانے پر دہشت پھیل گئی اور عمارتیں لرز اُٹھیں۔ لوگ اپنے دفاتر، شاپنگ مالز اور اپارٹمنٹس سے باہر نکل آئے۔

تھائی لینڈ کی وزیر اعظم Paetongtarn Shinawatra نے زلزلے کے اثرات کا جائزہ لینے کیلئے ایک ایمرجنسی میٹنگ طلب کی۔

میانما میں زلزلے سے Mandalay کے مقام پر تاریخی اہمیت کے حامل مقامات کو نقصان پہنچا اور Sagaing میں ایک 90 سال پرانا پُل گر گیا۔

اُدھر چین میں Yunnan اور Shichuan صوبوں میں زلزلے سے کچھ لوگ زخمی ہوگئے اور املاک کو نقصان پہنچا۔x

## Juma -Tul- Wida

آج ملک بھر میں رمضان کے ماہِ مبارک کے آخری جمعے، جمعتہ الوداع کے موقعے پر لوگوں نے مساجد میں کثیر تعداد میں نماز ادا کی۔ اِس موقع پر عقیدتمندوں نے ملک میں امن و سکون، ترقی اور خوشحالی کیلئے دعاء کی۔
مختلف تنظیموں،اداروں اور لوگوں نے خیرات و زکوۃ کے پروگراموں کا اہتمام کیا، جس میں غریبوں اور ضرورتمند افراد کو کپڑے اور دیگر اشیاء تقسیم کی گئیں۔ اِس موقع پر سکیورٹی کے وسیع انتظامات کئے گئے تھے۔ x

## EID Pardon

متحدہ عرب امارات نے عید الفطر سے قبل 500 بھارتی قیدیوں کی سزا معاف کر دی ہے۔ اِس فیصلے سے بھارت اور خلیجی ملک کے درمیان مضبوط دو طرفہ تعلقات کی عکاسی ہوتی ہے۔ نریندر مودی حکومت کی سرگرم اور پائیدار سفارتی کوششوں نے گزشتہ ایک دہائی کے دوران مختلف ممالک میں ہزاروں بھارتی قیدیوں کی سزا معافی اور رہائی کو ممکن بنایا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت نے سال 2014 سے بیرون ملک بھارتی شہریوں کی بہبود کو ترجیح دی ہے، جس کے بعد سفارتی بات چیت اور اعلیٰ سطحی مداخلتوں کے ذریعے بیرون ملک قید، قریب 10 ہزار بھارتی قیدیوں کی وطن واپسی ممکن ہو پائی ہے۔ پچھلے سال متحدہ عرب امارات نے عید الفطر اور اپنے قومی دن کے مد نظر

944 بھارتی قیدیوں کو معافی دی تھی۔

وہیں سال 2019 میں سعودی عرب کے ولیعہد شہزادے محمد بن سلمان نے اپنے بھارت کے دورے کے دوران 850 بھارتی قیدیوں کی رہائی کا حکم دیا تھا۔ سال 2023 میں بھارتی حکومت کی سفارتی مداخلت کے نتیجے میں قطر میں بھارتی بحریہ کے سابق 8 اہلکاروں کی سزائے موت میں تخفیف کر دی گئی تھی۔ اِسی طرح گزشتہ سال ایران نے 77 بھارتی قیدیوں کو رہا کیا تھا۔ x

**Israel - Strike**

اسرائیل نے نومبر میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ بندی کے بعد سے پہلی بار لبنان کی راجدھانی بیروت پر حملہ کیا ہے۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق بیروت کے علاقے میں بڑا دھماکہ سنا گیا اور اُس علاقے سے دھواں اٹھتے ہوئے دیکھا گیا، جس پر اسرائیلی فوج نے حملہ کرنے کا عہد کیا تھا۔

اُدھر غزہ شہر اور خان یونس علاقوں میں صبح سویرے اسرائیل کے حملوں میں خواتین اور بچوں سمیت کم از کم 22 افراد مارے گئے۔ 10 دن پہلے اسرائیل کی جانب سے غزہ جنگ بندی کی خلاف ورزی کے بعد سے مرنے والوں کی تعداد میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے۔ x

**US Yemen Strikes**

امریکی افواج نے آج یمن کے حوثی باغیوں کے کنٹرول والے علاقوں پر 40 سے زیادہ فضائی حملے کیے ہیں۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق یہ حملے صنعاء بین الاقوامی ہوائی اڈہ، فوجی ٹھکانے اور شمال کے دیگر علاقوں کو نشانہ بناکر کیے گئے۔ حوثی باغیوں کے ذریعے چلائے جانے والے Masirah ٹیلی ویژن نے یہ اطلاع دی ہے۔ ان حملوں میں ایک شخص زخمی ہوگیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مرکزی صنعاء میں ایک فوجی کیمپ پر ہوئے حملے کے نتیجے میں مکانات، عمارتیں اور دکانیں تباہ ہوگئی ہیں۔

تل ابیب کے قریب ایک فوجی علاقے اور اسرائیل کے Ben Gurion ہوائی اڈے پر حوثی باغیوں کی جانب سے بیلیسٹک میزائل داغے جانے کی ذمہ داری قبول کرنے کے کچھ گھنٹے بعد یہ حملے کیے گئے۔

15 مارچ سے حوثی باغیوں کے خلاف امریکی فضائی حملے شروع کیے جانے کے بعد یہ اب تک کا شدید ترین حملہ تھا۔ گزشتہ حملوں میں 50 سے زیادہ افراد مارے جاچکے ہیں۔

اسرائیل کی جانب سے غزہ میں انسانی بنیادوں پر امدادی سامان کی رسائی روکے جانے کے بعد حوثی باغیوں کی اسرائیلی ٹھکانوں پر حملے کی دھمکی کے بعد تناؤ مزید بڑھ گیا ہے۔ x

**Nepal Clash**

نیپال کے کاٹھمنڈو میں آج ایک ریلی میں آمریت پسند حامیوں اور پولیس کے درمیان ایک جھڑپ ہوئی۔ مظاہرین آمریت کی دوبارہ بحالی کا مطالبہ کر رہے تھے۔ مظاہرین نے Tinkune کے ممنوعہ علاقوں میں زبردستی داخل ہوکر کچھ مکانات کو نذر آتش کر دیا۔ انہوں نے کچھ نجی املاک کو بھی نقصان پہنچایا۔ نیپال کے سابق بادشاہ گیانیندر شاہ اپنے حامیوں کے ساتھ ایک ریلی میں Tinkune کے ممنوعہ علاقوں کی طرف بڑھتے ہوئے New Baneshwor پہنچے جہاں پارلیمنٹ کا اجلاس جاری تھا۔ اس جھڑپ میں مظاہرین کے علاوہ بعض پولیس اہلکار بھی زخمی ہوئے ہیں۔

کاٹھمنڈو میں ضلع انتظامیہ کے دفتر نے Tinkune، Baneshwor علاقے، گئوشالہ تری بھوَن بین الاقوامی ہوائی اڈے، Tinkune-Gairidhara، کوٹیشور-Bridge، Jadibuti سمیت کئی علاقوں میں شام 4 بجے سے صبح 10 بجے تک کیلئے کرفیو نافذ کردیا ہے۔ x

## Asian Wrestling championship

اردن کے عمان میں جاری ایشیائی کُشتی چمپئن شپ 2025 میں بھارتی پہلوان منیشا Bhanwala، خواتین کے 62 کلوگرام زمرے کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ منیشا نے سیمی فائنل میں Kalmira Bilimbek Kyzy کو پانچ-ایک سے شکست دی۔

اِس سے پہلے منیشا نے قزاخستان کی Tynys Dubek اور کوریا کی Hanbit Lee کے خلاف زبردست کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنا دبدبہ برقرار رکھا۔ اپنے پہلے ایشیائی چمپئن شپ خطاب کے فائنل میں منیشا کا سامنا، اب کوریا کی Ok J Kim سے ہوگا۔

بھارت نے اب تک ٹورنامنٹ میں کُل 6 تمغے جیتے ہیں، جن میں سے 4 تمغے، خواتین کے کشتی مقابلے میں اور 2 تمغے، Greco-Roman میں حاصل کیے گئے ہیں۔ مردوں کے فری اسٹائل مقابلے، کل سے شروع ہوں گے۔
x

☆☆☆☆☆☆